# Model Sample Paper **Code -A**

Subject: Urdu Class: 10th Session:2024-25

Paper: Annual/ Supplementary Time: 3:00 Hour Marks:80

Roll No.______________________

---

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔

All qustions are compusory.

☆ برائے مہربانی اس بات کی تصدیق کرلیں کہ یہ سوال نامہ 6 صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں سوالات کی کل تعداد 20 ہے۔

Please make sure that the printed pages in this question paper are 6 in number and it contains 20 questions.

☆ سوال نامے کے دائیں جانب اوپر تحریر کیے گئے کوڈ نمبر کو طالب علم جوابی کاپی کے شروعاتی خاص صفحہ پر ضرور درج کریں۔

The Code No. on the right side of the question paper should be written by the candidate on the front page of the answer book.

☆ برائے مہربانی سوال کا جواب تحریر کرنے سے قبل سوال کا شمار نمبر ضرور درج کریں۔

Before beginning to answer a question its Serial Number must be written.

☆ جوابی کاپی کے درمیان خالی صفحہ/صفحات ہرگز نہ چھوڑیں۔

Don't leave blank page/pages in your answer book.

☆ مہیا کرائی گئی کلیدی جوابی کاپی کے علاوہ کوئی دوسری کاپی نہیں ملے گی۔ اس لیے بڑے ہی احتیاط کے ساتھ سوال کا جواب لکھیں اور لکھا ہوا جواب نہ کاٹیں۔

Except answer book, no extra sheet will be given. Write to the point and do not strike the written answer.

☆ طالب علم/طالبات اپنا رول نمبر سوال نامہ پر ضرور درج کریں۔

Candidate must write their Roll Number on the question paper.

☆ برائے مہرانی سوالات کے جواب تحریر کرنے سے قبل اس بات کی جانچ کو یقینی بنائیں کہ سوال نامہ پوری طرح سے صحیح ہے۔ امتحان کے درمیان اس تعلق سے کوئی بھی دعوی قبول نہیں کیا جائے گا۔

Please make sure to check that the question paper is completely correct before writing the answers to the questions. No claim in this connection will be entertained between examinations.

☆ سوال نمبر ایک 16 معروضی سوالات پر منحصر ہے۔ ہر سوال ایک ایک نمبر کا ہے۔

Question No. 1 is based on 16 objective type questions and carry 1 equal marks.

☆ سوال نمبر 2 سے 8 تک بہت مختصر جوابات پر مشتمل ہیں اور ہر سوال دو دو نمبر کا ہے۔

Question No 2 to 8 are based on Very short answer and carry 2 marks each.

☆ سوال نمبر 9 سے 13 تک مختصر جوابات پر مشتمل ہیں ہر سوال 3 نمبر کا ہے۔

Question No 9 to 13 are based short answer type and carry 3 marks each .

☆ سوال نمبر 14 سے 16 تک مختصر جوابات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال 4 نمبر کا ہے؟

Question No 14 to 16 are based on short answer and carry 4 marks each.

☆ سوال نمبر 17 سے 19 تک تفصیلی جوابات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال 5 نمبر کا ہے۔

Question No 17 to 19 are based on long answer and carry 5 marks each.

☆ سوال نمبر 20 غیر اقتباسی پیراگراف پر مشتمل ہے۔ یہ سوال 8 نمبر کا ہے۔

Question No 20 is based on unseen passage and carry 8 marks.

☆☆☆☆☆☆☆

Download from www.MsEducationTv.com

**سوال 1.** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار۔چار جواب دیے ہیں۔صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنی کاپی میں لکھیے :- 16x1=16

(i) 'حمد' کس شاعر کی نظم ہے؟

(۱) میر تقی میرؔ (۲) غالبؔ

(۳) اسمٰعیلؔ میرٹھی (۴) نظیرؔ

(ii) کنھیا لال کپور کہاں پیدا ہوئے؟

(۱) دہلی (۲) لاہور

(۳) آگرہ (۴) پٹنہ

(iii) نظیرؔ اکبر آبادی کا اصل نام کیا تھا؟

(۱) علی محمد (۲) ولی محمد

(۳) جان محمد (۴) شان محمد

(iv) 'خوش نما' کے کیا معنی ہیں؟

(۱) خوبصورت (۲) بدصورت

(۳) برائی (۴) ان میں کوئی نہیں

(v) 'کارتوس' کس کا ڈراما ہے؟

(۱) امتیاز علی تاج (۲) امانت لکھنوی

(۳) کشن چندر (۴) حبیب تنویر

(vi) میر تقی میرؔ کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(۱) دہلی (۲) آگرہ

(۳) لکھنؤ (۴) پٹنہ

(vii) 'شاہد' کا معنی کیا ہے؟

(۱) گواہ (۲) چور

(۳) سپاہی (۴) وزیر

(viii) 'تسبیح' کے کیا معنی ہیں؟

(۱) خدا کی پاکی بیان کرنا (۲) شیطان کی تعریف کرنا

(۳) نبی کی تعریف کرنا (۴) صحابہ کی تعریف کرنا

(ix) 'تصاویر' کا واحد کیا ہے؟

(۱) تصویریں (۲) تصویر

(۳) تصویرات (۴) ان میں سے کوئی نہیں

Download from www.MsEducationTv.com

(x) 'فانی' کے معنی کیا ہیں؟

(۱) مٹ جانا (۲) فتح کرنا

(۳) فرصت (۴) فکرمند

(xi) 'وقت' کی جمع کیا ہے؟

(۱) وقتیں (۲) اوقات

(۳) ٹائم (۴) وقت

(xii) لفظ 'صدا' کے کیا معنی ہیں؟

(۱) ہمیشہ (۲) ہمارا

(۳) آواز (۴) سچائی

(iiix) 'شوہر' کا مونث کیا ہے؟

(۱) بیوی (۲) ماں

(۳) سالی (۴) ساس

(xiv) 'آدمی کی کہانی' کس کا مضمون ہے؟

(۱) احتشام حسین (۲) محمد مجیب

(۳) حاؔلی (۴) نذیؔر احمد

(xv) مرزا غالؔب کا انتقال کہاں ہوا؟

(۱) آگرہ (۲) دہلی

(۳) لکھنو (۴) علی گڑھ

(xvi) لفظ 'شہر' کا متضاد کیا ہے؟

(۱) قصبہ (۲) تحصیل

(۳) گاؤں (۴) ملک

سوال.2 چڑیا خدا کی تسبیح کیسے کرتی ہیں؟ 2x1=2

سوال.3 'کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ 2x1=2

سوال.4 میؔر نے اپنی غزل میں انسانی زندگی کی حقیقت کیا بتائی ہے؟ 2x1=2

سوال.5 انٹرنیٹ سے طلبہ کو کیا فائدے ہیں؟ 2x1=2

سوال.6 لین شو نے خدا کے نام خط میں کیا لکھا؟ 2x1=2

سوال.7 ڈاکٹر بھیم راؤ کا پورا نام کیا تھا؟ ان کا تعلق کس خاندان سے تھا؟ 2x1=2

سوال.8 آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی؟ 2x1=2

Download from www.MsEducationTv.com

سوال.9 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف تین کے واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنائیے۔ 3x1=3

مکان چادر روح سبزی افسر خط

سوال.10 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف تین کے متضاد لکھیے۔ 3x1=3

بھلائی خوش حالی امن شکست دشمن

سوال.11 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف تین کے مذکر سے مونث اور مونث سے مذکر بنائیے۔ 3x1=3

بادشاہ گھوڑا لڑکا عورت بیٹی

سوال.12 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی ایک کی تعریف لکھ کر مثال پیش کیجیے۔ 3x1=3

اسم
ضمیر
صفت
فعل

سوال.13 مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی ایک کی تعریف لکھ کر مثال پیش کیجیے۔ 3x1=3

غزل
نظم

سوال .14 مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجیے۔ 4x1=4

آج اس سے ٹھیلا کھینچ بھی نہیں پا رہا۔ایک تو سیٹھ کے بچے نے زیادہ بوجھ لاد دیا ہے اور دوسرے اس کے ٹھیلے کا دھرا جام ہو رہا ہے۔تیسرا یہ کہ چڑھائی کا راستہ ہے اور چوتھا یہ کہ اس کا من ہی نہیں ہو رہا ہے ٹھیلا کھینچنے کا۔وہی کاٹھ کے گھوڑے والی بات ہو رہی ہے جو اپنے آپ سرک نہیں سکتا۔جب کبھی اس کا من اداس ہوتا ہے تو اس کی کیفیت اس کاٹھ کے گھوڑے کی جیسی ہو جاتی ہے جسے وہ بچپن میں ایک میلے سے خرید کر بڑا دکھی ہوا تھا۔کاٹھ کا رنگین گھوڑا لے کر جب وہ بڑے فخر سے گلی کے بچوں کے بیچ گیا تو اس نے دیکھا کہ اس نے دیکھا کہ کسی کے پاس چابی والی موٹر تھی جو گھوں گھوں کرتی تیز بھاگتی تھی اور کسی کے پاس ریل گاڑی تھی،انجن سمیت اپنے آپ چلنے والی گاڑی۔

Download from www.MsEducationTv.com

سوال.15 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعری حصّے کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔ 4x1=4

(الف)

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے
نازُکی اس کی لب کی کیا کہیے
پنکھڑی ایک گلاب کی سی ہے

(ب)

خون اپنا ہو یا پرایا
نسلِ آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں
امنِ عالم کا خون ہے آخر

سوال.16 مندرجہ خالی جگہوں کو دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے پُر کیجیے۔ 1x4=4

ہندوستان    التمش    رکن الدین    التونیہ

(i) رضیہ سلطان دہلی کے بادشاہ-------------- کی بیٹی تھی۔

(ii) رضیہ---------------- کی پہلی ملکہ تھی۔

(iii) رضیہ کے شوہر کا نام--------------- تھا۔

(iv) تُرک امیروں نے رضیہ کے بھائی-------------- کو تخت پر بٹھایا۔

سوال.17 اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام سیکشن تبدیل کی ایک درخواست لکھیے ۔ 5x1=5

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام جرمانہ معافی کی ایک درخواست لکھیے ۔

Download from www.MsEducationTv.com

سوال.18 مندرجہ ذیل شعرا میں سے کسی ایک کی حیات وشخصیت پر تفصیلی مضمون لکھیے۔ 5x1=5

مرزا غالبؔ

علامہ اقبالؔ

میر تقی میرؔ

سوال.19 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر تفصیلی مضمون لکھیے۔ 5x1=5

قومی یکجہتی     پانی کی آلودگی     میرا استاد     میرا اسکول

سوال.20 مندرجہ غیر تدریسی اقتباس کا مطالعہ کرنے کے بعد درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔ 1x8=8

زندگی کا انحصار کھانے پر ہے اور تم دیکھتے ہو کہ تمام دنیا اسی فکر میں لگی ہوئی ہے۔ بے شک کھانے کے بغیر کوئی بھی جاندار زندہ نہیں رہ پاتا ہے۔ شروع میں انسان کچہ گوشت کھاتا تھا لیکن جیسی ہی اس نے آگ کی ایجاد کی تو اسے بھون پر کھانے لگا۔ موجودہ زمانے میں کھانا پکانے کی نئی نئی تکنیک انسان نے ایجاد کر لی ہیں جس سے مختلف اور ذائقہ دار کھانے تیار کیے جاتے ہیں۔ فاقہ کشی انسانی کو کمزور کر دیتی ہے اور ہلاکت کو انجام دیتی ہے۔ ہمیں ہر قسم کا کھنا جو گھر میں میسّر ہو جائے خوش دلی کھانا چاہئے۔ ہمیں اپنے والدین سے اپنی پسند کے کھانے کی ہرگز ضد نہیں کرنی چاہئے۔ مانگ کر کھانا کر کھانا بے غیرتی کی بات ہے؟ جب تک خوب زور کی بھوک نہ لگے کھانا مت کھاؤ۔ اور ہمیشہ تھوڑی بھوک باقی رکھ کر دسترخوان سے اٹھ جانا چاہئے۔ بہت زیادہ کھانے سے بد ہضمی، پیچش اور پیٹ میں درد ہو جاتا ہے۔

(i) زندگی کا انحصار کس پر ہے؟

(ii) انسان پہلے کیسا گوشت کھاتا تھا؟

(iii) آگ کی ایجاد سے انسان کو کیا فائدہ ہوا؟

(iv) 'ایجاد' لفظ کا معنی کیا ہے؟

(v) فاقہ کشی سے انسان کیسا ہو جاتا ہے؟

(vi) بہت زیادہ کھانے سے انسان کو کیا پریشانی ہو جاتی ہے؟

(vii) 'خوش دلی' کا معنی کیا ہے؟

(viii) 'انسان' لفظ کا متضاد کیا ہے؟

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Download from www.MsEducationTv.com